سوال

(402) خلفاء راشدین سے رفع الیدین کے بارے میں حدیث

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خلفاء راشدین سے رفع الیدین کے بارے میں روایت صحیحہ نقل فرمائیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

امام بخاری رحمہ اللہ اپنے رسالہ جزء رفع الیدین میں فرماتے ہیں :

(۲۹) حتی لقد حدثنی مسدد قال : نا یزید بن زریع عن سعید عن قتادة عن الحسن قال : کان أصحاب النبی ﷺ کأنما أیدیھم المراوح یرفعونھا إذا رکعوا ، وإذا رفعوا رءوسھم ۔ (۱) (۳۰) حدثنا موسی بن إسماعیل ثنا أبو ھلال عن حمید بن ھلال قال : أصحاب النبی ﷺ إذا صلوا کان أیدیھم حیال آذانھم کأنھا المراوح قال البخاری : فلم یستثن الحسن ، وحمید بن ھلال أحدا من أصحاب النبی ﷺ دون أحدا))[اھ]
تو اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں خلفاء راشدین بھی شامل ہیں ۔ ابو بکر صدیق، عمر بن خطاب اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنھم کے متعلق الگ الگ آثار بھی موجود ہیں ۔ چنانچہ اس موضوع پر مخصوص کتب اور مطولات میں دیکھے جاسکتے ہیں ۔ ویسے اس بحث میں پڑنے کی ضرورت نہیں ، کیونکہ رفع الیدین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے منسوخ نہیں ۔

۱ : ... حسن نے فرمایا : ''تھے اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم اٹھاتے اپنے ہاتھوں کو گویا کہ ہاتھ پنکھے ہیں وہ اٹھاتے ہاتھوں کو جب رکوع کرتے اور جب رکوع سے سر اٹھاتے ۔ ''

۲ : ... حمید بن ہلال نے فرمایا کہ : ''اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز پڑھتے ، تو ان کے ہاتھ کانوں کے برابر ہوتے ، گویا کہ ہاتھ پنکھے ہیں ۔ ''

امام بخاری فرماتے ہیں کہ : ''حسن اور حمید بن ہلال نے کسی صحابی کو مستثنیٰ نہیں کیا ۔ '']